www.KitaboSunnat.com

تعارف وتبصرہ کتب

(۱) مکمل نماز

نام کتاب	ہدایۃ النبی المختار (المعروف مکمل نماز)
مؤلف	حضرت مولانا عبدالوہاب دہلوی رحمۃ اللہ علیہ
صفحات	۴۴۸
طابع وناشر	کتب خانہ اشاعت الکتاب والسنۃ۔ کراچی
طبع	پندرھویں ۱۳۰۸ھ
قیمت	۵/- روپے
پتہ	مالکان کتب خانہ اشاعت الکتاب السنۃ۔ برنس روڈ۔ کراچی ملہ

مؤلف کتاب حضرت مولانا عبدالوہاب دہلوی رحمہ اللہ (ف ۸ رجب ۱۳۵۱ھ) حضرت مولانا عبداللہ غزنوی، حضرت مولانا حضرت محمد لکھوی، حضرت مولانا منصور الرحمن تلمیذ امام شوکانی اور شیخ الکل حضرت سید نذیر حسین محدث دہلوی رحمہم اللہ تعالیٰ کے ارشد تلامذہ میں سے تھے۔ عقلی اور نقلی علوم میں بڑی دستگاہ رکھتے تھے۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ "سنت رسول" کے حد درجہ شیدائی تھے اور اس راہ میں بڑے مصائب برداشت کیے۔ رحمہ اللہ تعالیٰ رحمۃ واسعۃ۔

بعض مسائل میں آپ کے تفردات مشہور ہیں، تاہم ان کی علمی ثقاہت اور دیانت تقویٰ اور طہارت سب کے نزدیک مسلمہ تھی۔

زیر تبصرہ کتاب انہی کی تالیف ہے جس میں کچھ عقائد کے علاوہ، وضو، اس سلسلہ کی دعائیں نماز، اس کی اقسام، تعداد رکعت، بیان اوقات اور مسنون نماز کی پوری پوری تفصیل بیان کی گئی ہے کتاب کے شروع میں حضرت مؤلف کے مختصر سوانح بھی بیان کیے گئے ہیں۔

بعض مقامات میں اختلافی مسائل کی توضیح اور اس کے انداز بیان میں تعنت پایا جاتا ہے جو

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ